


انڈویجوئل لینڈ

انفرادی آزادی کے لئے کوشاں

KYI

Karachi Youth Initiative

# تربیتی مینوئل
# برائے
# کورنگی سوِک ایجوکیشن

# تربیتی مینوئل

## برائے

## کورنگی سوِک ایجوکیشن

# فہرست


| | |
|---|---|
| پس منظر | ۱ |
| تربیتی ماڈیول کے مقاصد | ۱ |
| طریقہ کار | ۲ |
| تعارف | ۵ |
| انسانی حقوق | ۲ |
| ہمارا آئین اور انسانی حقوق | ۱۰ |
| انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے اثرات؟ | ۱۲ |
| شہری کون ہیں؟ | ۱۳ |
| پاکستان کے آئین میں شہریوں کے بنیادی حقوق | ۱۴ |
| ہینڈ آوٴٹ | ۱۵ |
| سماجی ذمہ داری کی وضاحت | ۱۷ |
| متحرک شہری | ۱۹ |
| کورنگی کے رہائشی | ۱۲ |
| ایکٹیوزم اور سماجی ترقی | ۲۳ |
| ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کیوں ضروری ہے؟ | ۲۴ |
| رول پلے | ۲۵ |

# پس منظر

یہ ماڈیول کراچی یوتھ انیشیٹیو کے پراجیکٹ "اینکر یجنگ یوتھ ان کورنگی ٹو ورڈز پیس اینڈ سوشل ڈویلپمنٹ" کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ مینوئل ماڈیولز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس کا مقصد کورنگی کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے،تاکہ ان کو اس قابل بنایا جا سکے کہ وہ امن اور سماجی ترقی کے فروغ کے لیے اپنے اپنے حلقوں میں خدمات سرانجام دے سکیں۔اس کے ذریعے تربیت میں شریک نوجوانوں کو مواقع فراہم ہوں گے کہ وہ اپنی مہارتیں اور صلاحیتیں اس سیشن میں دکھا سکیں۔

ہر سیشن کی تفصیل،اس کا مقصد،سیشن کے لیے تیار کردہ سرگرمیوں کو تفصیل سے بیان کیا جارہا ہے۔اس ماڈیول کے تین اہم موضوعات ہیں:

- انسانی حقوق
- سماجی ذمہ داری
- ایکٹیویزم اور سماجی ترقی

ٹرینر کا ماڈیول کے ہر سیشن اور تمام سرگرمیوں سے پوری طرح آگاہ ہونا ضروری ہے۔ بحث ومباحثے اور پریزنٹیشن کے لئے تمام تر تفصیلات فراہم کی جارہی ہیں۔

## تربیتی ماڈیول کے مقاصد

ماڈیول کے مقاصد درج ذیل ہیں

- انسانی حقوق کے تصور کو سمجھنے میں کورنگی کے نوجوانوں کی مدد کرنا اور اس کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا۔

۔ پہلے سے موجود پالیسیوں، قوانین، بین الاقوامی اور قومی سطح پر بنیادی حقوق کی قانون سازی کو سمجھنے میں اور ان سے متعلقہ معلومات سے نوجوانوں کو آگاہ کرنا۔

۔ کورنگی کے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرنا تاکہ وہ امن اور برداشت کے فروغ کے ساتھ ساتھ اپنے علاقے میں امن کی بقاء اور انسدادِ تشدد کے خاتمے کے لیے کام کرسکیں۔

۔ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تاکہ وہ اپنے علاقے میں سماجی ترقی کے لیے کام کرسکیں۔

## دورانیہ

تربیتی نصاب تین دن کی ورکشاپ کے حساب سے ترتیب دیا جارہا ہے۔

## گروپ

بہتر تربیت کے لیے ۲۰ سے ۲۵ نوجوانوں کا گروپ مناسب ہوگا۔

## طریقہ کار

ماڈیول کا طریقہ کار شراکتی ہے۔ ماڈیول کی مختلف سرگرمیوں میں مختلف تکنیک استعمال کی جائیں گی تاکہ نوجوان نئے تصورات کے بارے میں بات کرسکیں اور نئی صلاحیتیں سیکھ سکیں۔ جو تکنیک استعمال کی جائیں گی وہ درج ذیل ہیں۔

## کیس اسٹڈیز

اس تکنیک میں شرکاء کو کیس سٹڈیز کے ذریعے دوسروں کے تجربات سے سیکھنے کا موقع ملے گا۔ وہ دوسروں کے تجربات کو سامنے رکھتے ہوئے بات کریں گے، جس کے نتیجے میں نئے خیالات، اور حل سامنے آئیں گے۔ اس کے علاوہ، کیس سٹڈی کا طریقہ کار مشکل نظریاتی تصورات کو سمجھنے میں معاون ثابت ہوگا۔ شرکاء کو موقع ملے گا کہ وہ دوسروں کے تجربات کو سامنے رکھتے ہوئے ایسی ہی صورتحال میں اپنا ردِعمل اور حکمتِ عملی شئیر کریں۔ اس سے ان کو اندازہ ہوگا کہ دشوار گزار حالات کو سامنے رکھتے ہوئے کیا حکمتِ عملی اختیار کرنی چاہیئے اس

سرگرمی سے نوجوانوں کی کسی دوسرے کے تجربے کی بنیاد پر تحقیقی اور تجزیاتی مہارتوں کے بارے میں آگاہی ہوگی۔

## لیکچر

یہ طریقہ کار نئے تصورات اور معلومات کو متعارف کروانے کے لیے نہایت اہم ہے تاکہ شرکاء سیکھائے گئے سیاق وسباق اور تصورات میں ربط قائم کرسکیں۔لیکچر ایسا ہونا چاہیئے کہ شرکاء غوروفکر کرتے ہوئے سوال جواب کرسکیں تاکہ ان کی شرکت یقینی ہو اور سیکھنے کا عمل موثر ہو۔

## انٹرا ایکٹو پریزنٹیشنز

ماڈیول میں زیادہ تر ایسے طریقے استعمال کیے گئے ہیں جو انٹرا ایکٹو ہیں۔ٹرینرکوشش کرے کہ شرکاء کی شمولیت زیادہ سے زیادہ ہو۔ٹرینر شروع سے ہی ہر سیشن کے اختتام پر فیڈ بیک اور سوالات کرنے کا کہے تاکہ شرکاء بحث ومباحثے میں شامل رہیں۔

## گروپ ایکٹیوٹی

مختلف سرگرمیوں میں شرکاء کو گروپ کی شکل میں ترتیب دے کر مختلف مسائل پر بات کرنے کا موقع دیا جائے گا۔مختلف گروپ اپنے اپنے پارٹنرز کے ساتھ دیے گئے مسئلہ پر بات کریں گے، اس دوران ٹرینر اس بات کو یقینی بنائے کہ تمام گروپ دی گئی ہدایات پر عمل کررہے ہیں، اور دیے گئے مسئلہ کو سمجھ گئے ہیں، ٹرینر تمام گروپوں کے پاس جاکر ان سے بات چیت کرے گا۔

## انفرادیت

تمام نوجوانوں کو انفرادی طور پر کسی بھی مسئلہ پر سوالات، یا ذاتی نقطہ نظر لکھنے کو کہا جائے، اس کے بعد ان کو گروپ کی صورت میں، پلینری ڈسکشن کی صورت میں اور دو لوگوں کے درمیان بحث کی صورت میں اپنا نقطہ نظر بیان کرنے کو کہا جائے۔

## رول پلے

اس طریقہ کار میں شرکاء اصل زندگی سے لی گئی کسی صورتحال کو تصور کر کے کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ طریقہ کار معلومات کو منتقل کرنے اور نئے خیالات تک رسائی کا ایک موثر ذریعہ ہے۔ معلومات کو موثر طور پر سمجھنے کا ایک نہایت اہم ذریعہ ہے اس کے علاوہ نئی مہارتوں اور صلاحیتوں کو عملی طور پر آزمانے کا ایک نہایت اہم ذریعہ ہے۔

# پہلا ماڈیول

# پہلا سیشن: تعارف

## مقاصد

شرکاء کو ماحول سے ہم آہنگ کرنا۔

ایک دوسرے سے متعارف کروانا۔

دوستانہ ماحول پیدا کرنا۔

**وقت:** ۳۰ منٹ

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** مارکر، کارڈز، چارٹ، اورناموں کے ٹیگ

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

ٹریز گروپ کا خیر مقدم کرے۔

### دوسرا مرحلہ

ٹریز تمام شرکاء کو اسٹیکر پر نام لکھنے کو کہے اور اپنی اپنی شرٹ پر لگانے کا کہے تاکہ سب لوگ پڑھ سکیں۔

### تیسرا مرحلہ

ٹریز شرکاء کو ایک دوسرے کو متعارف کروانے کا کہے، تاکہ تمام لوگ ایک دوسرے کو جان لیں۔

### چوتھا مرحلہ

ٹریز تعارف کو اچھے طریقے سے ختم کرے۔

### پانچواں مرحلہ

ٹرینر پورے دن کی سرگرمیوں کو متعارف کروائے۔

### نوٹس:

یہ گروپ مختلف لوگوں پر مشتمل ہوگا ایک دوسرے سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک آئس بریکر کی مدد سے ماحول کو خوشگوار بنایا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر سب اپنے پسندیدہ کھانے کا نام بتائیں یا پھر کوئی بھی ایسی چیز جوان کو بہت پسند ہواور کوئی ایسی چیز جو بہت ناپسند ہو۔ یہ خود کو متعارف کروانے کا ایک اچھا طریقہ کار ہے۔

ٹرینر سب سے پہلے اپنے بارے میں بتائے۔

# دوسرا سیشن: انسانی حقوق

### مقاصد:

شرکاء میں بنیادی حقوق کی سمجھ بوجھ پیدا کرنا۔

شرکاء میں یہ احساس اجاگر کرنا کہ انسانی حقوق تمام لوگوں کے لیے ایک جیسے ہیں۔

انسانی حقوق میں کسی زبان، رنگ نسل کا امتیاز نہیں بلکہ یہ پوری دنیا میں سب کے لیے ایک جیسے ہیں۔

**وقت: ۱۲۰ منٹ**

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** مارکر، کارڈز، چارٹ، کلاؤڈ کارڈز

# طریقہ کار

## پہلا مرحلہ

انسانی حقوق کے لفظ کو سمجھنے کے لیے ٹرینر ان دونوں الفاظ کو الگ الگ لکھے اور دونوں کو بورڈ پر چسپاں کر دے۔

## دوسرا مرحلہ

ٹرینر شرکاء کو پہلے لفظ 'انسان' کے بارے میں سوچنے کا کہے، یہ سوچتے ہوئے ان کے ذہن میں انسان کی جو بھی خصوصیات یا خامیاں آتی ہیں وہ سوچیں اور ایک ایک کر کے بتائیں۔ مثال کے طور پر ذہانت، ہمدردی، غصہ وغیرہ۔ جو جو الفاظ شرکاء بتاتے جائیں وہ ہیڈنگ انسان کے نیچے لکھتے جائیں

## تیسرا مرحلہ

ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ ان کے خیال میں انسان کے تحفظ اور حفاظت کے لیے کون سی ایسی اہم خصوصیات ہیں جو ضروری ہیں۔

## چوتھا مرحلہ

ٹرینر بحث کے لیے مندرجہ ذیل سوالات پوچھے:

کیا یہ ضروری ہے کہ جن انسانی خصوصیات کا ذکر کیا گیا ہے، کیا وہ ایسے قانون یا حقوق ہونے چاہیں جو ان کو ہم آہنگ رکھنے میں مدد کریں؟

لوگ شان وشوکت کے ساتھ کیوں رہنا چاہتے ہیں؟

لوگوں کو ایک دوسرے کا احترام کیوں کرنا چاہیے؟

## پانچواں مرحلہ

ٹرینر وضاحت کرے کہ جو کچھ بھی انسان کے بارے میں بتایا گیا ہے (جو کہ ایک ڈبے میں لکھا ہے) وہ اس کی خصوصیات ہیں (اچھی اور بری دونوں)۔ جبکہ وہ الفاظ جو ڈبے سے باہر لکھے ہیں وہ چیزیں وہ ہیں جو انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری ہیں۔ انسانی حقوق ان بنیادی ضروریات پر منحصر ہیں۔

## چھٹا مرحلہ

ٹرینر حقوق کے بنیادی مفہوم کی وضاحت کرے۔ مزید یہ واضح کرے کہ حقوق کا لفظ انسان کے ساتھ کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔

## ساتواں مرحلہ

ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ بنیادی حقوق کیا ہیں؟ اس سرگرمی کے لیے ۲ سے ۵ منٹ کا وقت دیا جائے اور شرکاء کو کہا جائے کہ ایک دوسرے سے پوچھیں کہ بنیادی حقوق کیا ہیں؟

**سرگرمی کا مقصد:** شرکاء انسانی حقوق کی ایک ایسی تعریف پر متفق ہو جائیں اور اس سے اچھی طرح واقف ہو جائیں جو عالمی طور پر قابلِ قبول ہو۔

## آٹھواں مرحلہ

ٹرینر انسانی حقوق کی تعریف بتائے اور ان حقائق پر زور دے جو صرف مغربی دنیا میں نہیں بلکہ عالمی دنیا میں مانے جاتے ہیں۔ انسانی حقوق وہ حقوق ہیں جو کسی بھی انسان کے حقوق ہیں۔

انسانی حقوق وہ بنیادی معیارات ہیں جن کے بغیر انسان پر وقار زندگی نہیں گزار سکتا۔

تمام انسان برابر ہیں ان سے ایک جیسا برتاؤ/سلوک کیا جانا چاہیئے کسی بھی انسان کا وقار اور اس کا احترام اس کی زبان، رنگ اور نسل کی بنیاد پر نہیں ہونا چاہیئے۔

انسانی حقوق جنس، رنگ، نسل، زبان، قومیت، عمر، طبقے، مذہب اور سیاسی عقائد سے بالاتر ہیں اور سب کے لیے مشترکہ ہیں۔

## نواں مرحلہ

ٹرینر وضاحت کرے کہ عالمی سطح پر انسانی حقوق کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ (جیسے کہ دوسرے سیشن میں ایک عالمی تعریف پر تمام شرکاء راضی ہوئے تھے)

ٹرینر مندرجہ ذیل کی وضاحت کرے:

اقوامِ متحدہ کے اعلامیہ میں انسانی حقوق

خواتین کے ساتھ غیر امتیازی سلوک پر کنونشن

بچوں کے حقوق پر کنونشن

## دسواں مرحلہ

ٹرینر شرکاء کو ۵ یا ۶ لوگوں پر مشتمل گروپوں میں تقسیم کرے، ان کو مختلف بین الاقوامی چارٹر کی ریڈنگ دے اور مندرجہ ذیل کی نشاندہی کرنے کا کہے۔

کون سا آرٹیکل سیاسی اور شہری حقوق سے متعلق ہے؟

کون سا آرٹیکل اقتصادی، سیاسی اور سماجی حقوق سے متعلق ہے؟

کون سے آرٹیکل میں زیادہ وضاحت کی ضرورت ہے؟

کون سا آرٹیکل بالکل واضح ہے؟

## گیارہواں مرحلہ

شرکاء اپنے گروپ کی پریزنٹیشن دیں۔

## بارہواں مرحلہ

ٹرینر پوچھے کہ اگر کسی کا کوئی سوال ہو تو اس کا جواب دے اور اس سیشن کا فیڈ بیک مانگے۔

# تیسرا سیشن: ہمارا آئین اور انسانی حقوق

## مقصد

شرکاء میں سمجھ بوجھ پیدا کرنا کہ پاکستان کے آئین میں انسانی حقوق کیا ہیں۔

وقت ۹۰ منٹ

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** چارٹ، پیپر، بورڈ، مارکر، پاکستان کے آئین کے بارے میں آرٹیکلز کی کاپیاں

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

ٹرینر شرکاء کو کہے کہ وہ لفظ 'آئین' کے بارے میں سوچیں اور بتائیں کہ یہ کیا ہے۔ پھر خود ان کو آئین کے بارے میں بتائے۔

### دوسرا مرحلہ

ٹرینر شرکاء کو ۵ یا ۶ لوگوں پر مشتمل گروپوں میں تقسیم کرے۔ ان کو پاکستان کے آئین کی ریڈنگ دے اور مندرجہ ذیل کی نشاندہی کرنے کا کہے۔

کون سا آرٹیکل سیاسی اور شہری حقوق سے متعلق ہے؟

کون سا آرٹیکل اقتصادی، سماجی اور ثقافتی حقوق سے متعلق ہے؟

کون سا آرٹیکل براہِ راست پولیس کے کام سے متعلق ہے؟

## تیسرا مرحلہ

شرکاء اپنے اپنے گروپ کی پریزنٹیشن دیں۔

## چوتھا مرحلہ:

ٹریز پوچھے کہ اگر کسی کا کوئی سوال ہوتو اس کا جواب دے اور اس سیشن کا فیڈ بیک مانگے۔

## نوٹس

اس سیشن کے لیے ضروری ہے کہ تمام ریڈنگ مٹیریل جو کہ ٹریننگ میں گروپس کو دیا جائے گا ٹریز نے وہ تمام پڑھا ہوا اور اس سے اچھی طرح واقف ہو۔ کبھی کبھار شرکاء کو اصطلاحات اور الفاظ وغیرہ سمجھنے میں مشکل پیش آسکتی ہے جس کے لیے ضروری ہے کہ ٹریز تمام تر ریڈنگ مٹیریل سے اچھی طرح واقف ہو۔

اس سیشن میں نبیادی انسانی حقوق کے تصور اور انسان کے ساتھ اس کے تعلق کی وضاحت کی جائے گی۔

اس سیشن کی بنیاد مندرجہ ذیل باتوں پر ہے۔

انسانی حقوق اور انسان کی ضروریات کس طرح ایک دوسرے پر انحصار کرتی ہیں۔

انسانی حقوق اور انسانوں کی عزت کے درمیان جو ربط ہے اس پر زور دیا گیا ہے۔

انسانی حقوق سب کے لیے یکساں ہیں۔ تمام انسانوں کو دنیا میں ایک ہی مساوی قانون، عزت اور وقار ہونا چاہیئے۔

# چوتھا سیشن: انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے اثرات؟

## مقاصد

شرکاء اس قابل ہوں گے کہ وہ سمجھ سکیں کہ انفرادی اور قومی سطح پر انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے کیا نقصانات ہو سکتے ہیں۔

**وقت ۴۵ منٹ**

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** کارڈ، مارکر، بورڈ

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

ٹرینر شرکاء کے ساتھ انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے نقصانات کی چند مثالیں شیئر کرے۔

خلاف ورزی کی وجوہات (اصولوں اور قوانین کا نہ ہونا)۔

خلاف ورزی کے کسی فرد یا معاشرے پر اثرات۔

اس کو بہتر کرنے کے کیے حل؟ (قومی اور بین الاقوامی سطح پر)۔

### دوسرا مرحلہ

ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ انہوں نے کبھی کوئی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوتے ہوئے دیکھی ہے یا کبھی انہوں نے کوئی خلاف ورزی کی ہے تو بیان کریں

### تیسرا مرحلہ

تمام شرکاء کو کارڈ پر انسانی حقوق کی خلاف ورزی روکنے کے لیے حل لکھنے کو کہا جائے اور اس کے بعد وہ کارڈ بورڈ پر لگا کر ان سے متعلق بات کی جائے۔

# دوسرا ماڈیول

# پہلا سیشن: شہری کون ہیں؟

## مقاصد:

شرکاء کو شہریت کے تصور کو سمجھنے میں مدد ملے گی، اور وہ اپنی شہری کے طور پر شناخت کر سکیں گے۔

## وقت ۳۰ منٹ

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** چارٹ، مارکر، کارڈ

## طریقہ کار

## پہلا مرحلہ

ٹرینر بورڈ پر سوال لکھے "شہری کون ہے؟"

## دوسرا مرحلہ

ٹرینز ۲ منٹ کا وقت دے کہ وہ آپس میں بات کریں اور اس کے بعد بتائیں کہ شہری سے کیا مراد ہے۔

## تیسرا مرحلہ

ٹرینر سب کی بتائی ہوئی تعریف بورڈ پر لکھے۔

## چوتھا مرحلہ

تمام لوگوں کی بتائی ہوئی تعریفیں لکھنے کے بعد ٹرینر شرکاء کو ان تعریفوں کو استعمال کرتے ہوئے ایک سادہ سی تعریف تشکیل دینے کا کہے۔

## نوٹس

شہری کے حوالے سے شرکاء کے پاس مختلف تعریفیں ہوں گی جو کہ شیئر کریں گے۔ ٹرینر شرکاء کے ساتھ مل کر ایک ایسی تعریف تشکیل دے جو کہ انفرادی طور پر بیان کی گئی تعریفوں کا احاطہ کرتی ہو۔

# دوسرا سیشن: پاکستان کے آئین میں شہریوں کے بنیادی حقوق

## مقاصد

شہری آگاہ ہوں گے کہ پاکستان کے آئین میں شہریوں کے کیا حقوق ہیں۔

**وقت ۶۰ منٹ**

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** مارکر، ہینڈآؤٹ، بورڈ، چارٹ، کارڈ

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

پاکستان کے آئین میں بنیادی حقوق کے حوالے سے شرکاء کو ہینڈآؤٹ (ریڈنگ) دی جائیں۔

### دوسرا مرحلہ

شرکاء کو ۲،۲ لوگوں کے گروپ میں تقسیم کیا جائے اور ان کو دیا گیا مواد پڑھنے کو کہا جائے۔

### تیسرا مرحلہ

سول، سیاسی، اقتصادی اور سماجی حقوق کے آرٹیکلز کے درمیان فرق واضح کریں۔

### چوتھا مرحلہ

اگر شرکاء کا آرٹیکلز کے بارے میں کوئی سوال ہے یا ان کو کوئی آرٹیکل سمجھ نہیں آ رہا تو اس کے بارے میں پوچھے اور واضح کریں۔

# ہینڈ آؤٹ:

## پاکستان کے آئین میں بنیادی حقوق

آئینِ پاکستان میں بنیادی حقوق کی بہت اہمیت ہے۔ایسا قانون جو بنیادی حقوق سے متصادم ہو کالعدم قرار دیا جاسکے گا۔مجلسِ شورا کو اس بات کا پابند کر دیا گیا ہے کہ ماسوا ان مثتثنیات کے جو آئین میں درج ہیں، بنیادی حقوق کے منافی کوئی قانون نہیں بنایا جاسکتا۔قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے یہ بنیادی حقوق مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ **شخصی سلامتی:** کسی شخص کو زندگی یا آزادی سے محروم نہیں کیا جائے گا،سوائے اس کے کہ قانون اس کی اجازت دے۔

۲۔ **گرفتاری اور نظر بندی سے تحفظ:** کسی شخص کو جسے گرفتار کیا گیا ہو،گرفتاری کی وجوہات سے جس قدر ہوسکے آگاہ کیے بغیر نہ تو نظر بند کیا جائے گا اور نہ ہی اسے پسند کے کسی قانون پیشہ شخص سے مشورہ کرنے اور اس کے ذریعے صفائی پیش کرنے کے حق سے محروم کیا جائے گا۔گرفتار شدہ نظر بند شخص کو ۲۴ گھنٹے کے اندر کسی مجسٹریٹ کے سامنے پیش کرنا لازم ہوگا۔

۳۔ غلامی اور جبری مشقت ممنوع ہے۔

۴۔ ہر شخص کو موثر بہ ماضی قانون کے ذریعے سزا سے تحفظ دیا گیا ہے۔

۵۔ ہر شہری کو دہری سزا اور اپنی ذات کے خلاف شہادت سے تحفظ حاصل ہے۔

۶۔ ہر شہری کو عزتِ نفس اور وقار کا تحفظ حاصل ہے۔

۷۔ مفادِ عامہ کے پیشِ نظر قانون کے ذریعے عائد کردہ کسی معقول پابندی کے تابع ہر شہری کو نقل وحرکت وغیرہ کی آزادی حاصل ہے۔

۸۔ امنِ عامہ کے مفاد میں قانون کے ذریعے عائد کردہ کسی معقول پابندی کے تابع ہر شہری کو اجتماع کی آزادی کا حق حاصل ہے۔

۹۔ امنِ عامہ کے مفاد میں قانون کے ذریعے عائد کردہ کسی معقول پابندی کے تابع ہر شہری کو انجمن سازی کی آزادی کا حق حاصل ہے۔

۱۰۔ ہر شخص کو جائز تجارت، کاروبار اور اپنی پسند کا جائز پیشہ اختیار کرنا کا حق ہے۔

۱۱۔ قانون کے ذریعے عائد کردہ مناسب پابندیون کے تابع ہر شخص کو تحریر اور تقریر کی آزادی ہے۔

۱۲۔ قانون، امنِ عامہ اور اخلاق کے تابع ہر شہری کو مذہب کی پیروی اور مذہبی اداروں کے انتظام کی آزادی ہے۔

۱۳۔ ہر شخص کو اپنے مذہب کے علاوہ کسی اور مذہب کی ترویج کے لیے محصول ادا کرنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔

۱۴۔ کسی تعلیمی ادارے میں تعلیم پانے والے کسی شخص کو اپنے مذہب کے علاوہ کسی اور مذہب سے متعلق مذہبی تعلیم حاصل کرنے، کسی مذہبی تقریب میں حصہ لینے یا مذہبی عبادت میں شرکت کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

۱۵۔ قانون نے تحت ہر شہری کو جائیداد کی خرید و فروخت کا حق ہے۔

۱۶۔ ہر شہری کو حقوقِ ملکیت کا تحفظ دیا گیا ہے۔

۱۷۔ تمام شہریوں کو مساوی قرار دیا گیا ہے۔

۱۸۔ عام مقامات پر داخلہ سے متعلق کوئی امتیاز نہیں کیا جائے گا۔

۱۹۔ ہر شہری کو ملازمتوں میں امتیاز کے خلاف تحفظ حاصل ہے۔

۲۰۔ ہر شہری کو اپنی زبان، رسم الخط اور ثقافت کو فروغ دینے اور اسکے لیے ادارے قائم کرنے کا حق ہے۔

http://nlpd.gov.pk/ilmofun/6.php

(reference )

# تیسرا سیشن: سماجی ذمہ داری کی وضاحت

## مقاصد

تربیت کے بعد شرکاء اس قابل ہوں گے کہ بیان کر سکیں:

سماج کیا ہے؟

ذمہ داری کیا ہوتی ہے؟

سماجی ذمہ داری کیا ہے؟

شہری کیسے شہری ہونے کی حیثیت سے ذمہ داری پوری کر سکتا ہے؟

سماجی ذمہ داری نبھانا کیسے ان کی کمیونٹی کے لیے فائدہ ہے؟

**وقت ۶۰ منٹ**

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** بورڈ، چارٹ، مارکر اور کارڈ

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

ٹرینر لفظ "سماجی" اور "ذمہ داری" کو بورڈ پر لکھے۔

### دوسرا مرحلہ

ٹرینر دو دو لوگوں کو "سماجی ذمہ داری کیا ہے؟" پر بات کرنے اور اس کی تعریف لکھنے کو کہے۔

### تیسرا مرحلہ

تمام شرکاء کی بتائی ہوئی تعریفیں بورڈ پر لکھے۔

### چوتھا مرحلہ

تمام لوگوں کی بتائی ہوئی تعریفیں لکھنے کے بعد ٹریز شرکاء کو ان تعریفوں کو استعمال کرتے ہوئے ایک سادہ سی تعریف تشکیل دینے کا کہے۔

### پانچواں مرحلہ

سماجی ذمہ داری کیا ہے اور ہمارے روزمرہ زندگی میں اس کا کیا عمل دخل ہے ٹریز وضاحت کرے۔

### چھٹا مرحلہ

ٹریز شرکاء کو کارڈ دے اور سماجی ذمہ داری کے مثبت پہلو لکھنے کو کہے۔

### ساتواں مرحلہ

ٹریز تمام کارڈ بورڈ پر لگاتا جائے اور سب پہلوؤں پر بات کرتا جائے۔

### نوٹس

ٹریز سماجی ذمہ داری اور شہری کی اصطلاحات میں ربط قائم کرے۔ ٹریز شرکاء کو بتائے کہ شہری اپنے اردگرد کے چھوٹے چھوٹے مسئلہ خود حل کر سکتے ہیں اور ذمہ داری کا ثبوت دیتے ہوئے وہ ان مسائل سے بچ سکتے ہیں۔

# چوتھا سیشن: متحرک شہری

### مقاصد

شرکاء اس قابل ہوں گے کہ

اپنے اردگرد موجود مسائل کو اجاگر کر سکیں۔

مسائل کے حل کے لیے حل تلاش کر سکیں گے۔

**وقت ۹۰ منٹ**

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** چارٹ، مارکر، براؤن شیٹ، کارڈز، بورڈ

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

تمام شرکاء کو دو گروپوں میں تقسیم کیا جائے۔

### دوسرا مرحلہ

ٹرینر ہر گروپ کو اپنے اردگرد کے مسائل اجاگر کرنے، اس کی وجوہات، اس کے معاشرے پر اثرات کے ساتھ ساتھ ان مسائل کے حل بھی بیان کریں۔

### تیسرا مرحلہ

۳۰ منٹ دیے جائیں تاکہ گروپ براؤن شیٹ پر اپنی پریزنٹیشن تیار کر لے۔

### چوتھا مرحلہ

۳۰ منٹ کے بعد ہر گروپ سے درخواست کی جائے کہ وہ پریزنٹیشن دیں۔

### پانچواں مرحلہ

تمام شرکاء مسئلہ اور حل پر مثبت اور منفی فیڈ بیک دیں گے۔

## چھٹا مرحلہ

ٹرینز مسئلہ پر بیڈ بیک دینے کے بعد مسئلہ کو مندرجہ ذیل خصوصیات پر پر کھے۔

جو مسئلہ اجاگر کیا گیا ہے وہ مقامی نوعیت کا ہے۔

لوگ اس مسئلہ سے کس طرح متاثر ہو رہے ہیں۔

ہر گروپ کا مسئلہ ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

گروپ کی جانب سے بتائے گئے حل قابلِ عمل ہیں۔

## نوٹس

ٹرینز شرکاء میں یہ احساس اجاگر کرے کہ بہت سے مسائل ایسے ہیں جو ان کی روزمرہ زندگی پر اثر انداز ہو رہے ہیں (مثال کے طور پر سیوریج، ٹریفک کا مسئلہ، منشیات اور گندہ پانی) اگر شہری خود متحرک ہو جائیں تو ان مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے۔ شرکاء کو ان باتوں سے آگاہ کرنا کہ مقامی مسئلوں پر حکومت کے ایکشن کا انتظار کرنے کی بجائے ان کو مقامی سطح پر کیسے حل کیا جا سکتا ہے۔

# پانچواں سیشن: کورنگی کے رہائشی

## مقاصد

شرکاء اس قابل ہوں گے کہ:

وہ کورنگی کے مسائل کو اجاگر کر سکیں۔

ان مسائل کے ایسے حل تلاش کریں کہ خود مل کر ان کو حل کیا جا سکے۔

وقت ۹۰ منٹ

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** چارٹ، مارکر، بورڈ، کارڈزاور براؤن شیٹ

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

چوتھے سیشن میں جو گروپ بنے تھے ان کو دوبارہ ان ہی گروپوں میں کام کرنے کا موقع دیا جائے۔

### دوسرا مرحلہ

ٹرینر ہر گروپ کو اپنے اردگرد کے مسائل اجاگر کرنے، اس کی وجوہات، اس کے معاشرے پر اثرات کے ساتھ ساتھ ان مسائل کے حل بھی بیان کریں

### تیسرا مرحلہ

۳۰ منٹ دیے جائیں تا کہ گروپ براؤن شیٹ پر اپنی پریزنٹیشن تیار کر لے۔

### چوتھا مرحلہ

۳۰ منٹ کے بعد ہر گروپ سے درخواست کی جائے کہ وہ پریزنٹیشن دیں۔

### پانچواں مرحلہ

تمام شرکاء مسئلہ اور حل پر مثبت اور منفی فیڈ بیک دیں گے۔

### چھٹا مرحلہ

ٹرینر مسئلہ پر فیڈ بیک دینے کے بعد مسئلہ کو مندرجہ ذیل خصوصیات پر پرکھے۔

جو مسئلہ اجاگر کیا گیا ہے وہ کورنگی کے علاقے کا ہے۔

لوگ اس مسئلہ سے کس طرح متاثر ہو رہے ہیں۔

ہر گروپ کا مسئلہ ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

گروپ کی جانب سے بتائے گئے حل قابلِ عمل ہیں۔

## نوٹس

ٹرینز شرکاء میں یہ احساس اجاگر کرے کہ بہت سے مسائل ایسے ہیں جو ان کی روزمرہ زندگی پر اثر انداز ہو رہے ہیں (مثال کے طور پر سیوریج، ٹریفک کا مسئلہ، منشیات کی فراہمی اور گندہ پانی) اگر شہری خود متحرک ہو جائیں تو ان مثال کو حل کیا جا سکتا ہے۔ شرکاء کو ان باتوں سے آگاہ کرنا کہ مقامی مسئلوں پر حکومت کے ایکشن کا انتظار کرنے کی بجائے ان کو مقامی سطح پر کیسے حل کیا جا سکتا ہے۔

# تیسرا ماڈیول

# پہلا سیشن: ایکٹیوزم اور سماجی ترقی

## مقاصد

اس سیشن کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کی تعریف کو سمجھ سکیں۔

ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کے درمیان فرق کو سمجھ سکیں۔

ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔

**وقت:** ۱ گھنٹہ ۴۵ منٹ

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** چارٹ، مارکر

## طریقہ کار

## پہلا مرحلہ

لیکچر کا طریقہ استعمال کرتے ہوئے ٹرینرز ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کی اصطلاحات کو واضح کرے گا۔لیکچر کے دوران مندرجہ ذیل نکات کا خیال رکھا جائے گا۔

ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کی تعریف بیان کرنا۔

مثبت اور منفی ایکٹیوزم کیا ہے؟

ایکٹیوزم اور سماجی ترقی سماجی تبدیلی لانے میں کس طرح مدد کر سکتا ہے؟

مشہور ایکٹیویسٹ اور معاشرے پر ان کے کام کے اثرات کیا رہے؟

### دوسرا مرحلہ

۵ سے ۴ گروپ بنائے جائیں۔

### تیسرا مرحلہ

ہر گروپ کو بین الاقوامی اور قومی ایکٹیوسٹ کی ایک ایک کیس سٹڈی دی جائے۔ اور ان سے پوچھا جائے کہ معلوم کریں کہ اس کیس سٹڈی کے مطابق ایکٹیوسٹ مثبت ایکٹیوزم کا حصہ تھا یا منفی۔

### نوٹس

اس سیشن میں شرکاء ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کے نظریات سے متعارف ہوں گے۔ سیشن کے اختتام پر ان سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ ایکٹیوزم اور سماجی ترقی میں فرق کرنے، ان کی اہمیت، اور مظبت اور منفیا یکٹیوزم سے باخوبی آگاہ ہوں گے۔

## دوسرا سیشن: کورنگی میں ایکٹیوزم اور سماجی ترقی کیوں ضروری ہے؟

### مقاصد

لوگوں میں شعور اجاگر کرنا کہ:

کورنگی کے رہائشی سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

کورنگی میں کام کرنے والے ایکٹیوسٹ اور ان کے کام کو اجاگر کرنا۔

**وقت: ۱ گھنٹہ ۳۰ منٹ**

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** چارٹ اور مارکر

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

ٹرینرشرکاءکو بتائے کہ ایسے کون سے کام ہیں جن میں حصہ لے کر وہ بھی کورنگی کی سماجی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔شرکاء سے بات چیت کرتے ہوئے ان میں کام کرنے کا رجحان ابھارا جائے۔

### دوسرا مرحلہ

سماجی ترقی کے لیے جو ادارے یا ایکٹیوسٹ کورنگی میں کام کر رہے ہیں ان کے حوالے سے بات چیت کی جائے۔ان اداروں اور ایکٹیوسٹ کے کام کے حوالے سے تفصیل میں بات کی جائے اور ان کے کام کے اثرات کے حوالے سے بات کی جائے اور شرکاء سے ان کے کام کے اثرات کے بارے میں فیڈ بیک لیا جائے۔

## نوٹس

اس سیشن میں ٹرینرشرکاءکو ایکٹیوزم اور سماجی ترقی میں حصہ لینے والے اداروں اور ایکٹیوسٹ کی مثبت مثالیں دے کر سماجی ترقی کے لیے کام کرنے کا احساس اجاگر کرے گا۔اس طریقے سے نہ صرف نوجوان سماجی ترقی کے لیے کام کرنے کے لیے متحرک ہوں گے بلکہ وہ مسائل کے حل کے لیے بھی مختلف طرز پر سوچیں گے۔

# تیسرا سیشن: رول پلے

## مقاصد

شرکاءکو ایسے مواقع فراہم کرنا کہ وہ اپنی زندگیوں میں کوئی نا کوئی اہم کردار ادا کر سکیں۔

انہیں اس بات سے آگاہ کرنا کہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کا نقطہ نظر سماجی ترقی کے حوالے سے مختلف ہوتا ہے۔

**وقت: ۱ گھنٹہ ۴۵ منٹ**

**آڈیو ویژوئل ایڈز:** براؤن چارٹ، مارکر، بورڈ

## طریقہ کار

### پہلا مرحلہ

ٹرینر ۴ سے ۵ لوگوں پر مشتمل ۴ سے ۵ گروپ بنائے، ہر گروپ کو مختلف مسئل دیے جائیں (مثلاً: صحت، تعلیم، ناخواندگی، تشدد وغیرہ) ہر گروپ کو مسئلہ کے حل بتانے کا کہا جائے۔ تمام لوگ کسی نا کسی مندجہ ذیل حلقے کی نمائندگی کریں گے۔

سوس سوسائٹی گروپ (غیر سرکاری ادارے)

سیاسی گروہ

میڈیا

ایکٹیوسٹ کے گروہ

ہر گروپ کو ۳۰ منٹ دیے جائیں گے کہ وہ تیاری کرے اور اس کے بعد ۱۰ منٹ کی پریزنٹیشن ہوگی۔

## نوٹس

رول پلے ایک ایسا مرحلہ ہے جہاں ٹرینز ایک صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے شرکاء کو مختلف کردار ادا کرنے کا کہا جاتا ہے۔ اس طرح نوجوانوں کو مختلف صورتحال میں اور مختلف مسائل کے ساتھ نبٹنے کے لیے کیا کردار ادا کرنا ہے اس کے بارے میں آگاہی فراہم ہوگی۔

## ادارے سے آگاہی

انڈ ویجوئل لینڈ پاکستان ایک متحرک، غیر جماعتی اور غیر منافع بخش رجسٹرڈ سول سوسائٹی ادارہ ہے۔اس کا بورڈ کل پانچ ارکان پر مشتمل ہے، جبکہ روزمرہ کے معاملات اس ادارے کے ڈائریکٹر کی ذمہ داری ہے۔ قیام سے لے کر آج تک اس ادارے نے حکومتی انتظامات، قانون کی بالادستی، میڈیا اور مراسلاتی، ہنر، سول سوسائٹی کے استحکام اور جمہوریت کی ترقی کے لئے کام کیا ہے۔

انڈ ویجوئل لینڈ نے واضح طور پر قانون دانوں اور دیگر سول سوسائٹی اداروں کے ساتھ مختلف حیثیتوں میں کام کیا ہے اور خصوصاً میڈیا سے تعلق رکھنے والے افراد کی تربیت کے حوالے سے اس کا نام پورے پاکستان میں جانا جاتا ہے۔